تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 05,2023

پریس ریلیز

این آئی آر ایف دو ہزار تئیس: جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک مرتبہ پھر ملک کی تین سرکردہ یونیورسٹیوں میں شامل

ناک کی جانب سے اے پلس پلس یافتہ مرکزی یونیورسٹی جامعہ ملیہ اسلامیہ (جے ایم آئی) کے لیے یہ امر باعث فخر وانبساط ہے وزارت تعلیم کی نیشنل انسٹی ٹیوشنل رینکنگ فریم ورک (این آئی آر ایف)۔دو ہزار تئیس کی آج جاری کردہ فہرست کے مطابق اس نے ایک مرتبہ پھر ملک کی تیسری سرکردہ یونیورسٹی کا اعزاز حاصل کیا ہے۔

وزارت کی جانب سے رینکنگ کے اعلان کے لیے منعقدہ ایک پروقار تقریب میں پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے عزت مآب وزیر تعلیم برائے مملکت جناب ڈاکٹر راج کمار رنجن سنگھ کے دست مبارک سے یہ انعام حاصل کیا۔

اپنی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ نے کہا ''مجھے بے انتہا خوشی ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک مرتبہ پھر سے ملک کی تین سرکردہ یونیورسٹیوں میں شامل ہے۔ہم یونیورسٹی میں تدریس، آموزش اور تحقیقی معیار کو بہتر سے بہتر کرنے کے لیے پیہم کوششیں کررہے ہیں۔این آئی آر ایف کی رینکنگس میں بھی ہم نے دو ہزار سولہ کے تیراسویں مقام سے دو ہزار بائیس میں تیسری رینک حاصل کی ہے اوراس سال اس مقام کو برقرار بھی رکھا ہے۔ مجھے توقع ہے کہ آئندہ برسوں میں یونیورسٹی جملہ معیارات میں مزید بہتر مظاہرہ کرے گی۔انھوں نے مزید کہا کہ یہ شان دار حصولیابی، برمحل، مرکوز اور معیاری تحقیق مخلص فیکلٹی اراکین کی اعلی اور معیاری تدریس اور یونیورسٹی کے غیر تدریسی عملے کی انتہائی جانفشانی کے باعث ممکن ہوسکا ہے'۔

شیخ الجامعہ نے جامعہ کے شان دار مظاہرے کو تدریس، پلیسمنٹ اور تحقیق وغیرہ کے شعبوں میں بہتر ہوتے تناظر سے بھی منسلک کیا۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ ملک میں طلبا کے لیے ایک ترجیحی ادارہ بن گیا ہے جس کا اہم ثبوت اس

میں داخلے کے لیے بڑی تعداد میں طلبا کی درخواستوں کا موصول ہونا ہے۔

شیخ الجامعہ نے کہا کہ ’آنے والے برسوں میں ہم امید کرتے ہیں کہ ہم اور بھی بہتر مظاہرہ کریں گے۔‘

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی